19/01/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُن

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انہیں نوجوانوں کی طاقت پر پورا بھروسہ ہے ۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی صلاحیتوں سے قوم کی امیدیں وابستہ ہےں ۔ وہ کل سانبہ ضلعے کے گُرہا سلاتھیا میں Guidance and Career Counselling Cell for Youth Development کے ساتویں سالانہ دن کی تقریب پر نوجوانوں سے خطاب کر رہے تھے ۔ انہوں نے نوجوانوں سے تاکید کی کہ وہ سماجی بدلاو کے معمار بنیں اور وکست بھارت کے ویژن کے تئیں اپنا رول ادا کریں ۔

ایل جی ملاقات

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے مختلف وفود اور شخصیات نے لوک بھون جموں میں ملاقات کی۔ان سے ملاقی ہونے والوں میں سابق وزیر اور بی جے پی کے نائب صدر چودھری ذوالفقار علی بھی شامل تھے۔ اس کے علاوہ سینئر بی جے پی لیڈر طارق حسین کین کی قیادت میں ایک عوامی وفد اور سابق بی جے پی ضلع صدر شوپیان محمد یوسف بٹ کی سربراہی میں بھی ایک اور وفد نے ایل جی سے ملاقات کی۔ دریں اثنا، ضلع ترقیاتی کونسل بنجواہ کشتواڑ کی رکن آمنہ چودھری نے بھی لیفٹنٹ گورنر سے ملاقات کی۔

ستیش شرما

یوتھ سروسز اور اسپورٹس کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی کھیل کود میں Srijan Initiative کامیابیاں ان کی صلاحیت اور حکومتی تعاون کا واضح ثبوت ہیں۔ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام جموں و کشمیر میں کھیل کود کے جامع اور شفاف نظام کو فروغ دے رہا ہے۔ انہوں نے جدید اسپورٹس انفراسٹرکچر ، میرٹ پر مبنی انتخاب،

لڑکیوں کی شمولیت اور کھیل کود کے نظام کو با وقار بنانے پر زور دیا۔ وزیر موصوف نے نوجوان کھلاڑیوں کو ہر ممکن حکومتی تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔

ایڈوائزری

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں کو کم نیند آنے کی شکایت رہتی ہے جس کی وجہ سے ان کا معیار زندگی بھی متاثرہو جاتا ہے ۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

....

HADP

، زرعی شعبے میں ایک نئی HADPجموں و کشمیر میں ہالسٹک ایگری کلچر ڈیولپمنٹ پروگرام، تبدیلی کا باعث بن رہا ہے۔ اس پروگرام کے تحت اب تک 92 ہزار سے زائد پیداواری یونٹس قائم کئے جا چکے ہیں۔ 5 ہزار 13 کروڑ روپے کے اس جامع منصوبے کا مقصد زراعت کو روزگار کے تحت کسانوں کی ڈیجیٹل رجسٹریشن، HADP اور آمدنی پر مبنی نظام میں تبدیل کرنا ہے۔
تربیت، مارکیٹ سے
جڑاو

اور جدید انفراسٹرکچر پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ دیہی معیشت کو مضبوط بنانے ؑ میں مدد مل سکے۔

پون شرما

بی جے پی کے سینئر رہنما اور اسٹیٹ سیکریٹری پون شرما نے سمر زون کے طلباءکے لئے نصاب میں 15 فیصد رعایت کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے عمر عبداللہ حکومت پر الزام لگایا کہ وہ سمر زون کے طلباءکے تعلیمی مسائل کو نظرانداز کر رہی ہے۔ پون شرما نے کہا کہ سکیورٹی کارروائیوں اور سیلاب کے باعث تعلیمی ادارے طویل عرصے تک بند رہے، جس سے تعلیمی سال متاثر ہوا۔ انہوں نے لیفٹننٹ گورنر انتظامیہ سے مداخلت کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ طلباءکے ساتھ امتیازی سلوک بند کیا جائے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

ونٹر

وادی میں موسم سرما کے چلتے درجہ حرارت میں گراوٹ کے ساتھ ہی گرمی دینے والے آلات کا استعمال بڑھ گیاہے۔

ضرورت اس بات کی ہے کہ ان آلات کے استعمال کے دوران انتہائی احتیاط برتی جائے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی1اعشاریہ 2ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ3ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ